فوری ریلیز کے لیے: 2023/13/10 | گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے نیویارک کے پبلک کالجوں اور یونیورسٹیوں کو شبات عبادات میں شرکت کرنے والے طلباء کے لیے اضافی سیکورٹی وسائل فراہم کرنے کی ہدایت کر دی

کیمپسز میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے عملے کی اضافی نفری متعین کی جائے گی جو شبات عبادات کے لئے جمع ہونے والے یہودی طلباء کے گروپوں کی حفاظت کریں گے

گورنر نے پوری ریاست میں قانون نافذ کرنے والے اداروں عوام کی جانب سے ملنے والی "یوم جہاد؛" کی اطلاعات کے جواب میں اپنی نفری بڑھانے کی ہدایت کی ہے، تاہم فی الوقت کسی حقیقی خطرے کا پتہ نہیں چلا ہے

گورنر HOCHUL نے اج اعلان کیا کہ نیویارک کے پبلک کالجز اور یونیورسٹیاں کیمپس میں شبات عبادات میں شرکت کرنے والے طلباء کی حفاظت کے لیے اضافی سیکورٹی وسائل اور قانون نافز کرنے والے اداروں کی اضافی نفری تعینات کریں گی۔ یہ گزشتہ ہفتے اسرائیل پر حماس کے ہولناک حملے کے بعد نیویارک کے تمام شہریوں کی حفاظت یقینی بنانے کے گورنر Hochul کے عزم کو مزید مضبوط کرنے والا ایک مزید اقدام ہے۔

"میری اولین ترجیح عوام کی حفاظت کرنا ہے، اور میں یہ امر یقینی بنانے کے لیے پُرعزم ہوں کہ نیویارک کا ہر طالب علم اپنے کیمپس میں خود کو محفوظ محسوس کرے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اگرچہ فی الوقت نیویارک کے لیے کوئی نمایاں خطرہ موجود نہیں ہے، تاہم ہم قانون نافذ کرنے والے اداروں کی نفری میں اضافہ کر رہے ہیں تاکہ یہ امر یقینی بنایا جا سکے کہ نیویارک کے یہودی افراد شبات کی عبادات کے لئے محفوظ طریقے سے جمع ہو سکیں اور یکسوئی کے ساتھ اپنی عبادت کر سکیں۔"

SUNY کے کیمپسز پر، چانسلر John B. King Jr. نے یونیورسٹی کے پولیس کمشنر کو ہدایت کی ہے کہ وہ اس ہفتے کے آخر میں ریاست کے زیر انتظام تمام کیمپسز کے ساتھ مل کر کام کریں تاکہ یہ امر یقینی بنایا جا سکے کہ کیمپس میں شبات کی عبادات کے لیے سیکیورٹی میں اضافہ کر دیا گیا ہے۔ یونیورسٹی کی پولیس کمیونٹیز کے ساتھ بھی مل کر کام کرے گی تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ جو طلباء کیمپس سے باہر عبادات میں شرکت کریں گے انکے لئے وہ حفاظتی وسائل دستیاب ہوں جن کی انہیں ضرورت ہے۔ چانسلر کنگ کی طرف سے یونیورسٹی کے صدور کو بھیجا جانے والا مکمل پیغام یہاں دستیاب ہے۔

CUNY کیمپسز میں وہیں ہونے والی شبات عبادات کے لئے CUNY عوامی حفاظت کی نفری بڑھانے کے ساتھ ساتھ مقامی NYPD قانون نافذ کرنے والوں سے بھی تحفظ طلب کیا گیا ہے، تاکہ یہ امر یقینی بنایا جا سکے کہ یہ اجتماعات بھی محفوظ رہیں اور طلباء بھی خود کو محفوظ محسوس کریں۔

کالج کیمپسز میں طلباء کی حفاظت کی کوششیں حماس کے اسرائیل پر حملے کے تناظر میں نیویارک بھر میں عوامی حفاظت کو بڑھانے کے لیے گورنر Hochul کی کوششوں کا ہی ایک جزو ہیں۔ آج دن کے آغاز پر گورنر Hochul نے نیویارک اسٹیٹ لیجسلیچر، نیویارک کانفرنس آف میئرز اور نیویارک اسٹیٹ ایسوسی ایشن آف کاؤنٹیز کو جاری حفاظتی اقدامات پر بریفنگ دی، اور کل نیویارک سٹی کے میئر Eric Adams کے ساتھ حفاظتی اقدامات کی تفصیلات بتانے کے لئے ایک پریس کانفرنس بھی منعقد کی۔ گورنر نے نیویارک اسٹیٹ پولیس کے ساتھ نیویارک اسٹیٹ

انٹیلی جنس سینٹر میں ایک بریفنگ میں شرکت کی اور وہ امریکی محکمہ خارجہ کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں تاکہ یہ امر یقینی بنایا جائے کہ نیو یارک کے جو شہری فی الوقت اسرائیل میں ہیں وہ بحفاظت گھر واپس لوٹ سکیں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418